HARIPUR Today

رمضان کریم

# ماہنامہ ہری پور ٹائم

شمارہ: دوئم

ہری پور کا پہلا آن لائن ماہنامہ شمارہ

صَلَّى اللهُ عَلَىٰ مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ

## تحریک صوبہ ہزارہ کے رہنما میجر راجہ فیصل کیانی کی غنڈہ گردی



## ذمہ دار کون

## پانامہ کے چور جلد انجام کو پہنچنے والے ہیں غنی

**ہری پور**

**باراتیوں اور مقامی آبادی میں تصادم فائرنگ سے 3 افراد زخمی**

**14 افراد گرفتار جدید اسلحہ برآمد مقامی آبادی کا احتجاج**

## پرائز بانڈ میں انعام نکلنا یا پرائز بانڈ کس طرح سے کام کرتا ہے؟

ہری پور سے شائع ہونے والا پہلا آن لائن شمارہ مزید رسائل پڑھنے یا ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیئے وزٹ کریں www.awancolony.blogspot.ae

ایڈیٹر: محمد عاشق اعوان
بتعاون:
ڈاکٹر سید خاور علی شاہ ہری پور ہزارہ
محمد یونس اعوان

malikashiq@gmail.com
shahbaba3513@gmail.com

Contact us:
Whatsup
+971 55 47 44 039

MEDIA PARTNERS
www.awancolony.blogspot.ae
www.hotjobs1pk.blogspot.ae
www.hrptimes.blogspot.ae

# ہری پور تعلیم کے نظام کو بہتر کرنے کے گن گانے والے بھی آج تک تعلیمی نظام میں بہتری نہ لا سکے


ایجوکیشن کے نظام کو بہتر کرنے کے گن گانے والے بھی آج تک ایجوکیشن کے نظام میں بہتری نہ لا سکے ہری پور سے چند کلومیٹر دور ہری پور کے نواحی علاقے بھنڈاں میں موجود سکول کی حالت ایسی جیسے کہ کوئی سو سال پرانے سکولوں کی بھی نہ ہوا کرتی ہو گی ہماری انفارمیشن کے مطابق یہ سکول 1990 سے چند سال پہلے شروع ہوا اس سکول کے لئے کوئی عمارت نہیں تھی جس کی وجہ سے مختلف جگہوں میں چلتا آرہا ہے، اس سکول کی ایک خاص بات کہ اس کی ٹوٹل تعداد پانچ سے دس کے درمیان ہی رہتی ہے، اور اس سکول میں ایک استاد کو بھیجا جاتا ہے، چند سال قبل اس اس سکول کی عمارت کے لیے کروڑوں روپے کا ٹھیکہ ہوا لیکن عمارت ابھی تک نامکمل ہے، اس سکول کی بونڈری کی دیوار بھی نہیں، نہ ہی بچوں کے بیٹھنے کے لیے کوئی مناسب انتظام ہے اور سکول میں باتھ روم نام کی بھی کوئی چیز موجود نہیں، اس سکول کی حالت دیکھ کے چند سوال جنم لیتے ہیں، کیا اسی کا نام تبدیلی ہے، تبدیلی کی باتیں کرنے والوں کو یہ سکول کیوں نظر نہیں آیا، اس سکول کے لیے جو فنڈ آتا ہے، وہ کہاں جاتا ہے، کیا منتخب نمائندے صرف پیسے بنانے کے چکر میں لگے ہوئے ہیں، کیا تبدیلی صرف تبدیلی، تبدیلی کرنے سے آئے گی۔

# کسی بھی ویب سائٹ سے ویڈیو اپنے موبائل میں ڈاؤن لوڈ کریں

اگر آپ سمارٹ فون پر ویڈیو ڈاؤن لوڈ کرنا پسند کرتے ہیں تو بہترین ویڈیو ڈاؤن لوڈر ''اسنیپ ٹیوب Snap Tube'' ہے اس ایپلی کیشن کو استعمال کر کے آپ یوٹیوب، فیس بک اور دوسری ۳۰ سے زائد ویب سائٹ سے ویڈیوز کو براہ راست اپنے موبائل فون میں ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔ اور اگر کسی ویڈیو کا لنک آپ کے ساتھ دستیاب ہے تو اسے براہ راست لنک کے ذریعے بھی آپ ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں اس کے علاوہ اگر آپ کسی نام سے ویڈیو تلاش کر کے ڈاؤن لوڈ کرنا چاہتے ہیں تو اس کا بندوبست بھی اسی پروگرام میں شامل ہے ٹیوب میٹ کی طرح ویڈیو ڈاؤن لوڈ کرتے ہوئے آپ اس کی کوالٹی کے حساب سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں اور اگر کسی ویڈیو گانے کو آپ ڈاؤن لوڈ کرنا چاہتے ہیں تو اس کے لیئے آپ ڈائریکٹ MP3 کے حساب سے وہ گانا ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

یہ ایپلی کیشن آپ کو گوگل پلے سٹور سے ڈاؤن لوڈ نہیں کر سکتے ہیں اس کی فائل ڈاؤن لوڈ کر کے آپ کو انسٹالیشن کرنا ہو گی اور یہ پروگرام ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیئے آپ اس ویب سائٹ پر جا کر ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں

www.snaptube.com


وفاقی وزیر برائے ریاستی و سرحدی امور عبدالقادر بلوچ پر نیند کا غلبہ

وفاقی وزیر برائے ریاستی و سرحدی امور لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ عبدالقادر بلوچ پر نیند کا غلبہ چھایا رہا اونگھتے اور سوتے رہے۔ اجلاس میں بلیغ الرحمان انہیں بار بار جگاتے رہے گزشتہ روز سینٹ اجلاس میں عبدالقادر بلوچ بار بار سو جاتے اور بلیغ الرحمان انہیں اٹھاتے رہے اجلاس میں متعدد بار رو او گھتے اور سوتے پائے گئے۔

# ہری پور نور کالونی اور کچھی روڈ کی نہر گندگی و غلاظت سے بھر گئی

ہری پور نور کالونی اور کچھی روڈ کی نہر گندگی و غلاظت سے بھر گئی منتخب نمائندوں کو بار بار آگاہ کرنے کے باوجود نہروں کی صفائی کا مناسب انتظام نہ ہو سکا جس کی وجہ سے زرعی زمین بھی تباہی کا شکار ہو رہی ہیں عوامی حلقوں نے نور کالونی سے ووٹ لے کر منتخب ہونے والے نمائندوں سے مطالبہ کرتے ہوئے کیا ہے کہ تبدیلی کے نعروں سے نکل کر عملی کام کریں، صرف تبدیلی کے نعرے لگانے سے تبدیلی نہیں آئے گی وہ جلد سے جلد نہروں کی صفائی کا انتظام کریں تا کہ عوام کی مشکلات میں کمی آ سکے۔

ضرورت لیڈی ڈاکٹر MBBS
الرحمٰن ہسپتال گلریز میں مارننگ شفٹ کے لیئے MBBS لیڈی ڈاکٹر کی فوری ضرورت ہے
پرکشش تنخواہ کے علاوہ وہ شیئر میں بھی حصہ دار ہو گی
برائے رابطہ: 0311-5534876 & 0335-6567795


# تحریک صوبہ ہزارہ کے رہنما میجر راجہ فیصل کیانی کی غنڈہ گردی

## پولیس نے تحریک صوبہ ہزارہ کے رہنما میجر راجہ فیصل کیانی سمیت 3 افراد پر اقدام قتل کا مقدمہ درج کر لیا MPA گوہر نواز ہسپتال پہنچ گئے تھانے میں حوالاتیوں سے ملاقات

## ہری پور

## باراتیوں اور مقامی آبادی میں تصادم فائرنگ سے 3 افراد زخمی

## 14 افراد گرفتار جدید اسلحہ برآمد مقامی آبادی کا احتجاج

ہری پور تھانہ سٹی کی حدود خانپور روڈ چونگی نمبر 11 کے مقام پر خانپور سے آنے والی بارات میں شامل افراد اور مقامی آبادی کے لوگوں کے درمیان مسلح تصادم، فائرنگ 3 افراد گولیاں لگنے سے شدید زخمی ہوئے تحریک صوبہ ہزارہ کے ٹکٹ پر الیکشن لڑنے والے میجر (ر) راجہ جمیل کیانی سمیت تین افراد پر اقدام قتل کا مقدمہ درج کر لیا گیا، PTI کے مقامی رہنماؤں کی مداخلت پر کراس پرچہ درج نہ ہوسکا ایک گروپ کی حمائت PTI کے مقامی رہنما اور دوسری طرف MPA گوہر نواز خان ہسپتال اور بعدازاں تھانے پہنچ گئے چونگی نمبر 11 کے رہائشیوں کا ہسپتال کے باہر احتجاج، پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی جدید اسلحہ گولیاں اور آہنی مکے برآمد کر لیئے گئے قبل ازیں راجہ حنیف کیانی سمیت 14 افراد کو گرفتار کر کے حوالات میں منتقل کر دیا گیا جبکہ راجہ جمیل کیانی کو SHO کے کمرے میں بیٹھا دیا گیا جھگڑے کی وجہ برات کو راستہ نہ ملنے کی وجہ بتائی جاتی ہے ہمارا بندہ زخمی ہوا اور ہمیں ہی گرفتار کرلیا گیا راجہ حنیف کیانی اور راجہ جمیل کیانی کا موقف تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز چونگی نمبر 11 کے قریب جب خانپور سے راجہ صفیان ولد راجہ کالا خان کی بارات آرہی تھی تو وہاں پر روڈ بند تھا راستہ نہ ملنے کی وجہ سے مقامی آبادی کے لوگوں اور باراتیوں میں مسلح تصادم اور فائرنگ کے نتیجے میں تین افراد بلال ولد راجہ جاوید کیانی خانپور، وقاص ولد اسلم، تنویر راجہ ولد یوسف سکنہ چونگی نمبر 11 شدید زخمی ہو گئے جس پر تصادم مزید شدید ہو گیا تصادم کی اطلاع پر پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی جس کے ساتھ ساتھ انہوں نے ایلیٹ فورس کو بھی بلا لیا، پولیس نے وہاں سے 14 افراد کو گرفتار کر کے 2 عدد جدید رائفلیں، بھاری مقدار میں اُن کی گولیاں اور آہنی مکے برآمد کر کے مذکورہ ملزمان کو تھانے میں منتقل کر دیا تین عدد گاڑیاں بھی پولیس نے قبضے میں کر لیں بعدازاں دونوں طرف سے سیاسی قائدین کی آمد اور ضلع کونسل کے ممبران کی مداخلت سے تحریک صوبہ ہزارہ کے رہنما میجر (ر) راجہ جمیل کیانی ولد غلام سرور سکنہ درہ خانپور اور دو گارڈز محمد قاسم ولد منگا خان سکنہ بھکشائی، شہزادہ ولد انور خان سکنہ مردان کے خلاف زیر دفعہ 324/34 کے تحت مقدمہ درج کر لیا گیا

### تصادم کے دوران ہماری طرف سے گولی نہیں چلائی گئی

تھانہ سٹی کی حدود خانپور روڈ پر ہونے والے تصادم میں ہماری طرف سے کوئی گولی نہیں چلائی گئی بلکہ ہمارے خلاف ہی پرچہ درج کرنا زیادتی ہے گزشتہ روز جب تصادم ہوا تو ہم بھی بارات میں شامل تھے ہم بیچ بچاؤ کرانے اترے تو ہمارے پر فائرنگ کر دی گئی جس سے ہمارا ایک بندہ بلال اور دو بندے دوسری طرف سے زخمی ہو گئے مبینہ سیاسی مداخلت پر ہمارے خلاف ہی پرچہ درج کر لیا جو زیادتی ہے یاد رہے راجہ جمیل کیانی حلقہ NA19 اور PK49 سے تحریک صوبہ ہزارہ کے امیدوار رہے ہیں



جگرام شہری کے مبینہ قاتل کو موقع پر گرفتار کرنے والا ٹریفک پولیس اہلکار شاہین سعید



ہری پور: ٹی آئی پی چونگی نمبر 11 کے قریب دو گروہوں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں زخمی ہونے والے افراد اور انکے ہسپتال میں اور علاقہ میں دوسری جانب احتجاج کا منظر

ہری پور سے شائع ہونے والا پہلا آن لائن شمارہ مزید رسائل پڑھنے یا ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیئے وزٹ کریں www.awancolony.blogspot.ae

## جمیل کیانی نے اپنے آپ کو حوالات میں زخمی کر لیا
### پولیس پر تشدد کا الزام

تھانہ سٹی ہری پور میں بند جمیل کیانی حوالات میں زخمی ہو گئے جن کو طبی امداد کے لیئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا مضروب کے مطابق انہیں بااثر سیاسی شخصیت کی ایماء پر تھانے میں تشدد کا نشانہ بنایا گیا جس کے باعث ان کے سر پر ٹانکے لگے ہیں انہوں نے پولیس پر جانبداری کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ پولیس سیاسی دباؤ کے باعث ان کے زخمی ساتھی کا مقدمہ مقامی لوگوں پر درج نہیں کر رہی ہے جبکہ ان کے متعدد ساتھیوں کو بغیر مقدمہ کے بیگناہ تھانے میں بند کیا ہوا ہے تھانہ سٹی کے اہلکار کے مطابق ملزم جمیل کیانی نے حوالات میں اپنے آپ کو زخمی کر لیا جس کی وجہ سے اُن کو ہسپتال میں طبی امداد کے لیئے منتقل کر دیا گیا



ہری پور باراتیوں و شہریوں میں تصادم کے بعد پولیس اہلکار باراتیوں کو قابو کر رہے ہیں دوسری جانب میجر جمیل کیانی کو تھانے منتقل کیا جا رہا ہے، برآمد ہونیوالا اسلحہ، پولیس اہلکار میڈیا کو تفصیلات بتا رہے ہیں



ہری پور باراتیوں و شہریوں میں تصادم میں زخمی ہونیوالے افراد ہسپتال میں زیر علاج ہیں

# میجر (ر) راجہ جمیل کیانی کی ہری پور پولیس اسٹیشن میں خودکشی کی کوشش

## ماربل کی ایش ٹرے سر میں مار کر خود کو زخمی کر لیا، PTI رہنما یوسف ایوب کے ایماء پر پولیس زیادتی کر رہی ہے، جمیل کا موقف

ہری پور تھانہ سٹی ہری پور کی حدود ٹ TIP چونگی نمبر 11 میں تصادم کے دوران فائرنگ کرنے پر گرفتار ہونے والے سابق امیدوار تحریک صوبہ ہزارہ حلقہ NA19 اور PK49 میجر (ر) راجہ جمیل کیانی کا تفتیش کے دوران رات گئے مبینہ خودکشی کی کوشش کی اور اپنے سر میں ماربل کی ایش ٹرے مار کر خود کو زخمی کر لیا پولیس نے خودکشی کا مقدمہ درج کر کے ہسپتال میں لے جا کر طبی امداد کے بعد ملزم کو دوبارہ حوالات میں بند کر دیا. آپ لوگ PTI کے مقامی رہنما یوسف ایوب خان کے کہنے پر میرے ساتھ زیادتی کر رہے ہیں راجہ جمیل کیانی کا مبینہ الزام، تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز چونگی نمبر ۱۱ کے مقام پر بارات میں شریک افراد اور مقامی آبادی کریم آباد چونگی نمبر ۱۱ ہری پور کے لوگوں کے درمیان تصادم ہوا جس میں فائرنگ بھی ہوئی فائرنگ کی وجہ سے گولیاں لگنے سے تین افراد زخمی ہو گئے پولیس ایلیٹ فورس موقع پر پہنچ گئی اور راجہ جمیل کیانی اور گن مینوں کو گرفتار کر کے اقدام قتل کا مقدمہ درج کر لیا گیا جب رات کو تفتیشی افسر نے راجہ جمیل کیانی سے تفصیلات پوچھنی چاہیں تو مبینہ طور پر راجہ جمیل کیانی نے کہا کہ یوسف ایوب خان کے ایماء پر میرے خلاف کاروائی ہوئی میں نے کوئی فائرنگ نہیں کی اسی دوران خودکشی کی کوشش کرتے ہوئے راجہ جمیل کیانی نے اپنے سر میں ماربل کی ایش ٹرے ماردی جس سے وہ شدید زخمی ہو گئے جس پر پولیس نے مذکورہ ملزم کو ہسپتال پہنچا کر طبی امداد دی اور بعد ازاں ان کے خلاف دفعہ 325 کے تحت خودکشی کا مقدمہ درج کر لیا ہے اور ملزم کو دوبارہ حوالات میں بند کر دیا.

### TIP مقامی آبادی کا مظاہرہ، زخمی افراد کے لواحقین کا گرفتار افراد کے خلاف دہشت گردی کی دفعات لگانے کا مطالبہ

چونگی نمبر ۱۱ تصادم کیس میں تین افراد کے زخمی ہونے کرنے والے ملزمان راجہ جمیل کیانی سکنہ درہ خانپور اور دو گارڈز کو جب جسمانی ریمانڈ کے لیئے عدالت لایا گیا تو چونگی نمبر 11 کے رہائشیوں نے عدالت کے سامنے چمن پارک میں احتجاج کیا اور مطالبہ کیا کہ ملزمان کے خلاف دہشت گردی ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کیا جائے

### ہری پور چونگی نمبر 11 واقعہ کے ملزمان کو آج دوبارہ عدالت میں پیش کیا جائے گا

تھانہ سٹی ہری پور کی حدود چونگی نمبر 11 کے مقام پر ہونے والے تصادم اور فائرنگ کے دوران تین افراد کے زخمی ہونے پر گرفتار ہونے والے سابق امیدوار صوبائی اسمبلی میجر (ر) جمیل کیانی اور دو ساتھیوں کا عدالت سے ایک روزہ جسمانی ریمانڈ آج دوبارہ پیش کیا جائے گا

ہری پور سے شائع ہونے والا پہلا آن لائن شمارہ مزید رسائل پڑھنے یا ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیئے وزٹ کریں www.awancolony.blogspot.ae



التماس! آیئے آپ بھی اس کاروان کا حصہ بن جائیں

# اپیل!! غفلت کی نیند سوئے ہوئے جوانو!

بیدار ہو جاؤ تم جو کوئی بھی ہو، جہاں بھی ہو، جس بھی قبیلے سے ہو. اقتدار کے ایوانوں پر تمہارا حق اُتنا ہی ہے جتنا کہ دوسروں کا ہے. آپ بھی اُسی خداوند کی پیدائش ہو. میٹھی باتوں میں نہیں آنا یہ صرف اپنے اقتدار کو قائم رکھنے کے لیئے رسماً بھائی، بھائی کا لفظ استعمال کرتے ہیں. آپ اپنے حلقہ احباب میں ہر طرف پھیل جاؤ اور گھر گھر جا کر بے شعور لوگوں کے دلوں میں شعور کو اجاگر کرو. یہ ایسے لوگ ہیں کہ پودا تو کوئی لگائے، پانی کوئی دے، پرورش کوئی کرے اور یہ صاحبان پکے ہوئے تیار پھل کے انتظار میں ہیں. یہ قومیت، مفاد اور نظریات اور دیگر طرح طرح کے حیلے بہانوں سے آپ کے نظریہ فکر کو منتشر کرنے کے لیئے ہر طرح کا داؤ استعمال کریں گے. لیکن اب کی بار انشاء اللہ ناکامی ان کا مقدر ہے. زندہ مثال آپ کے سامنے ہے ماسٹر منظور عباسی راہی، ملک ریاست بیسر، چوہدری امتیاز لسن، گوہر ضمیر اعوان ستوڑہ، محمد یونس اعوان میرا بالا، ملک دریار حمان بودلہ، ملک شہزاد محمود اعوان صدر یوتھ ونگ ایبٹ آباد اور چند دوست احباب حلقے میں عرصہ دراز سے انتہائی مشکل اور نامساعد حالات میں پارٹی کے ساتھ وابستگی رکھی اور خدمت کی لیکن جب پارٹی ٹکٹ کا وقت آیا تو محض ان لوگوں کو اس بنیاد پر نظر انداز کر دیا گیا کہ یہ تو متوسط اور پسے ہوئے طبقے کی آواز کو ہر جگہ پر اور ہر فورم پر اُٹھاتے ہیں. یہ اشخاص آئندہ کے لیئے خطرہ کی علامت ہیں کیوں نہ آج ہی ان کو دیوار سے لگا دیا جائے لیکن فرعونی سوچ کے مالکوں کو ہم اپنے مقاصد میں کامیاب نہیں ہونے دیں گے انشاء اللہ

اللہ آپ سب کا حامی و ناصر ہو۔

Vote 4 change

آپ کا بھائی ملک شہزاد محمود اعوان

کمپوز: ملک محمد عاشق اعوان ہری پور ہزارہ


ٹیکسلا میں شاندار کامیابی کے بعد حویلیاں میں برانچ کا افتتاح

Karachi Shahi Baryani Center



معیار ہی ہماری پہچان ہے

امیر معاویہ چوک حویلیاں

کراچی شاہی بریانی سنٹر

شادی بیاہ کی تقریبات کے لیئے ہماری خدمات حاصل کریں

SPECIAL OFFER

ارجنٹ دیگ 1 گھنٹے میں تیار



سکول رکالج میں پارٹیوں کے لیئے خصوصی ڈسکاؤنٹ

free delivery

پروپرائیٹر: ملک راشد اعوان

0316-88 44 385

0300-56 31 556


# چوری کیس میں گرفتار MNA اظہر جدون کا بھتیجا جیل بھیج دیا گیا

30 لاکھ کے سیونگ سرٹیفکیٹ چوری اور کیش ہونے پر خاتون نے حسام اور اس کے ساتھی شیر محمد شیری پر دعویداری کی تھی

ملزمان نے سفری ضمانتیں کرائیں عدالت نے ضمانت منسوخ کر دی اور ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا، حسام کو جیل، ساتھی کا ریمانڈ






دبئی، ملائشیا، تھائی لینڈ، چائینہ کے وزٹ ویزے کے لیئے رابطہ کریں

السعید منزل، سیکنڈ فلور، امیر معاویہ چوک، مین بازار حویلیاں

اکبر انٹرنیشنل ٹریولز اینڈ ٹورز

عمرہ کا بہترین اور مناسب پیکج موجود ہے

اندرون ملک اور بیرون ملک کی سستی ترین ٹکٹ حاصل کریں

0992- 811 111,

0333-56 36 665,0310- 33 04 410

## ضرورت گھریلو ملازمہ

راولپنڈی میں گھریلو ملازمہ درکار ہے جو کہ فل ٹائم کام ہمارے گھر میں رہ سکے نیز جو گھر کے سارے کام اور اچھا کھانا پکانا جانتی ہو مناسب تنخواہ اور رہائش دی جائے گی

برائے رابطہ: 0311-5534876 & 0335-6567795


# ہری پور چونگی نمبر 11 فائرنگ کیس

## میجر (ر) راجہ جمیل کیانی سمیت 3 افراد سنٹرل جیل ہری پور منتقل

ہری پور چونگی نمبر 11 کے قریب فائرنگ تین افراد زخمی کیس میں گرفتار سابق امیدوار صوبائی وقومی اسمبلی تحریک صوبہ ہزارہ راجہ جمیل کیانی اور دو گارڈز ریمانڈ کے بعد ہری پور سنٹرل جیل منتقل ،تفصیلات کے مطابق دو روز قبل تھانہ سٹی کی حدود چونگی نمبر 11 کی حدود میں خانپور سے ہری پور آنے والی بارات میں شامل باراتیوں اور مقامی آبادی کے لوگوں کے درمیان فائرنگ اور تصادم کے نتیجے میں تین افراد زخمی ہونے کے الزام میں میجر (ر) راجہ جمیل کیانی سکنہ خانپور درہ اور دو گارڈز کو تھانہ سٹی ہری پور نے گرفتار کر کے مقدمہ زیر دفعہ 324/24 کے تحت گرفتار کرلیا تھا اور ایک روزہ جسمانی ریمانڈ کے بعد عدالت نے ملزمان کو جیل بھجوادیا یاد رہے کہ دوران حراست اپنے خلاف ہونے والی سازش اور مقامی رہنما PTI یوسف ایوب کی طرف سے زیادتی اور دباؤ کے خلاف میجر (ر) راجہ جمیل کیانی نے خودکشی کی کوشش کے دوران خود کو زخمی کر دیا تھا جس پر پولیس نے ہسپتال لے جا کر طبی امداد کے بعد ملزم کو حوالات میں بند کر دیا تھا.

## صرف دہشت گرد نہیں بلکہ سوشل میڈیا اکاؤنٹس کے خلاف بھی پاک فوج ایکشن میں آ گئی



صرف دہشت گرد نہیں بلکہ سوشل میڈیا اکاؤنٹس کے خلاف بھی پاک فوج ایکشن میں آ گئی بھارت کے کتنے اکاؤنٹس پاکستان میں پکڑے گئے؟ تفصیلات کے مطابق آپریشن ردالفساد ملک بھر میں جاری ہے ریاستی سیکورٹی ادارے اور سیکورٹی ایجنسیاں پورے ملک میں ملک مخالف سرگرمیوں میں شامل افراد کو گرفتار کر رہی ہیں تازہ ترین میڈیا رپورٹس کے مطابق اب سیکورٹی ادارے سوشل میڈیا پر ملک مخالف سرگرمیوں میں ملوث افراد کو گرفتار کر رہے ہیں اب تک سینکڑوں افراد کو زیر حراست لیا گیا ہے اور 2617 ایسے لنکس Links کو بند کیا گیا ہے ذرائع کے مطابق بند کیئے گئے اکاؤنٹس میں سے 13 اکاؤنٹ بھارت سے ڈائریکٹ آپریٹ ہوتے تھے


## ضرورت کال سنٹر سٹاف

ہمارے کال سنٹر کے ایک پروجیکٹ کو میل اور فی میل سٹاف کی فوری ضرورت ہے تنخواہ 15000 روپے + کمیشن

رابطہ: آفس شمس آباد 0314-5134605 & 0334-5487958


## منی لانڈرنگ کیس ذاکر نائیک بھارتی حکام کو جواب دینے پر تیار ہو گئے



نئی دہلی میں معروف اسلامی اسکالر اور اسلامک ریسرچ سنٹر کے سربراہ ڈاکٹر ذاکر نائیک منی لانڈرنگ کیس میں بھارتی حکام کے سوالات کے جوابات دینے کے لیئے تیار ہو گئے ہیں بھارتی میڈیا کے مطابق ڈاکٹر ذاکر نائیک نے اپنے وکیل کے ذریعے بھارتی حکام کا سوالنامہ مانگ لیا ہے. ذاکر نائیک کے وکیل کا کہنا تھا کہ ذاکر نائیک پر سوالات کے جوابات دینے کو تیار ہیں. یاد رہے کہ ذاکر نائیک اور ان کی اسلامک ریسرچ فاؤنڈیشن پر غیر قانونی سرگرمیوں کا الزام ہے اور انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے منی لانڈرنگ کیس میں ذاکر نائیک کو طلب کر رکھا ہے







ہری پور سے شائع ہونے والا پہلا آن لائن شمارہ مزید رسائل پڑھنے یا ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیئے وزٹ کریں www.awancolony.blogspot.ae

# Crime In Hazara Division

# بٹگرام 30 ہزار کے عوض اجرتی نے نوجوان قتل کر دیا

وارث نامی شخص نے 30 ہزار روپے کے عوض فائرنگ کرکے نعیم کو قتل کیا۔ فائرنگ کی زد میں آ کر راہگیر عباداللہ شدید زخمی ہوا، پولیس نے مبینہ قاتل کو گرفتار کرلیا

## کانگڑہ کالونی ماڈل ٹاؤن کے پاس موٹر سائیکل ڈمپر سے ٹکرا گئی 2 نوجوان جاں بحق

### کھاد فیکٹری کے پاس موٹر سائیکل فورڈ ویگن سے ٹکرانے کے بعد ڈمپر کے نیچے جا گھسی احتشام اور عاقب جاں بحق

ہری پور کے نواحی قصبے کانگڑہ کالونی اور تھانہ کوٹ نجیب اللہ کی حدود کھاد فیکٹری ماڈل ٹاؤن کے پاس تیز رفتار موٹر سائیکل فورڈ ویگن سے ٹکرانے کے بعد ڈمپر کے نیچے جا گھسی ۲ نوجوان موقع پر جاں بحق پولیس نے نعشیں قبضہ میں لے کر ہسپتال منتقل کردیں ڈرائیور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا تفصیلات کے مطابق تھانہ کوٹ نجیب اللہ کی حدود کانگڑہ کالونی کھاد فیکٹری کے قریب تیز رفتار موٹر سائیکل جو کہ ہری پور سے ماڈل ٹاؤن کی طرف جا رہا تھا کہ کھاد فیکٹری کے قریب فورڈ ویگن نمبر RIJ1542 سے ٹکرانے کے بعد ڈمپر نمبر GLT2865 کے نیچے جا گھسا جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل پر سوار دو نوجوان احتشام ولد عبدالستار سکنہ ماڈل ٹاؤن ہری پور اور عاقب ولد محمد الیاس سکنہ ماڈل ٹاؤن ہری پور موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے۔ جن کی نعشوں کو فوری طور پر سول ہسپتال ہری پور میں پہنچایا گیا جہاں ضروری کاروائی کے بعد نعشوں کو ورثاء کے حوالے کر دیا گیا پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ڈرائیور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے حادثہ اتنا شدید تھا کہ موٹر سائیکل تباہ ہو گئی۔


ضرورت ہسپتال سٹاف

Comesurge انٹرنیشنل ہسپتال سید پور روڈ کو فریش و تجربہ کار نرسز، آیا اور آفس بوائے کی فوری ضرورت ہے پرکشش تنخواہ دی جائے گی

برائے رابطہ: 051-4452731 & 051-4410336


## ہری پور سوات چوک میں چور گھر سے 5 لاکھ کے زیورات 1 لاکھ روپیہ نقدی لے اُڑے

### چور عمران نامی شخص کے گھر میں داخل ہوئے اور نقدی زیورات لوٹ کر فرار ہو گئے ہری پور میں چوری کی وارداتوں نے شہریوں کو ہلا کر رکھ دیا

ضلع ہری پور میں چوری، ڈکیتی، کار و موٹر سائیکل چوری اور راہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ بدستور جاری و ساری. تھانہ سٹی ہری پور کی حدود سوات چوک آمین آباد میں چوری کی واردات میں نامعلوم چور مبلغ 5 لاکھ روپے سے ذائد کے زیورات اور ایک لاکھ نقد رقم اور دیگر قیمتی اشیاء اُڑا کر لے گئے قبل ازیں ہونے والی درجنوں وارداتوں کا آج تک سراغ نہ مل سکا پولیس مکمل طور پر ناکام ہو گئی عوام پریشان، گزشتہ کئی ماہ سے ضلع بھر میں چوری، ڈکیتی، راہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ جاری و ساری ہے جس سے تاجر طبقہ اور عوام سخت اذیت کا شکار ہیں کیونکہ آج تک ہونے والی وارداتوں کا سراغ نہیں مل سکا ہے سوات چوک امین آباد میں عمران نامی شخص کے گھر سے چور 5 لاکھ روپے سے ذیادہ کے زیورات اور ایک لاکھ روپے نقدی اور دیگر قیمتی سامان اُڑا کر لے گئے جس کی اطلاع تھانہ سٹی ہری پور میں درج کر دی گئی ہے

## ہری پور تحصیل روڈ سے ڈاکٹر کو دن دیہاڑے اغوا کرنے کی کوشش ناکام

ہریپور۔ تھانہ سٹی کی حدود تحصیل روڈ پر ڈاکٹر کو دن دیہاڑے گن پوائنٹ پر اغوا کرنے کی کوشش ملزمان کی ناکامی پر فائرنگ کرتے ہوئے موٹر سائیکل پر فرار ہو گئے پولیس نے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرکے تفتیش شروع کر دی تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز نجی ہاسپٹل جو کہ شکر شاہ روڈ پر واقع ہے کے مالک ڈاکٹر آفتاب ولد محمد مشتاق سکنہ محلہ رمضانی نے بتایا کہ وہ اپنی فیملی کے ہمراہ یوٹیلٹی سٹور تحصیل روڈ محلہ فیروز پورہ سے سامان لے کر نکل رہا تھا کہ موٹر سائیکل پر سوار دو نقاب پوش ملزمان اسلحہ سے لیس ہو کر آئے اور مجھے زبردستی گاڑی میں بیٹھنے کو کہا میری مزاحمت پر ملزمان نے مجھ پر فائرنگ شروع کر دی فائرنگ کی وجہ سے میں معجزانہ طور پر بچ گیا اور لوگوں کی آمد پر ملزمان جو کہ نقاب پوش تھے اور جن کی تعداد 2 تھی وہ موٹر سائیکل کے ذریعے فرار ہو گئے پولیس نے ملزمان کے خلاف زیر دفعہ 506 کے تحت مقدمہ درج کرکے تفتیش شروع کر دی ہے


ضرورت گرافکس ڈیزائنر / مارکیٹنگ سٹاف

ہماری ایڈورٹائزنگ کمپنی کو اچھے Ceative گرافکس ڈیزائنر اور پڑھے لکھے مارکیٹنگ سٹاف کی فوری ضروری ہے

برائے رابطہ: 051-2104343 & 0306-533 33 96



ہری پور سے شائع ہونے والا پہلا آن لائن شمارہ مزید رسائل پڑھنے یا ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیئے وزٹ کریں www.awancolony.blogspot.ae

# فون سے ڈیٹا اس طرح ڈیلیٹ کریں کہ ریکور نہ ہو سکے

عام طور پر ڈیٹا کو ختم کرنے کے لیئے لوگ فیکٹری ری سیٹ Factory Rest کا آپشن استعمال کرتے ہیں لیکن یہ مسئلے کا حل نہیں کیونکہ اس طرح بھی کرنے سے ڈیٹا ریکوری کے لیئے موجود رہتا ہے اس کام کے لیئے اب تک کا سب سے اچھا سافٹ ویئر کمپنی ونڈر شیئر کا بنایا ہوا پروگرام "سیف ایرر" "Wondershare SafeEraser" پروگرام دستیاب ہے یہ پروگرام اس کے علاوہ بھی بہت سی سہولیات دیتا ہے۔

یہ پروگرام ایسا نہیں ہے کہ یہ DATA حذف کرنا شروع کر دیتا ہے بلکہ آپ اسے فون سے صرف فالتو فائلز کو حذف کرنے کے لیئے یعنی فون کلین اپ کے لیئے بھی استعمال کر سکتے ہیں، کیونکہ یہ ان فائلوں کو حذف کر دے گا جن کو آپ پہلے سے Delete کر چکے ہیں اس طرح سے آپ کے فون میں کافی جگہ دستیاب ہو جائے گی۔

اگر آپ مستقل بنیادوں پر فون میں موجود تمام ڈیٹا ٹھکانے لگانا چاہتے ہیں تو یہ کام بھی اس پروگرام کی مدد سے انجام دیا جا سکتا ہے، سیف ایرر پروگرام صرف میڈیا فائلز تک ہی محدود نہیں بلکہ فون میں ہر طرح کا ڈیٹا، کال لاگز، کلینڈر کا ڈیٹا، ایس ایم ایس، اور ہر طرح کا ذاتی ڈیٹا بھی حذف کر دیتا ہے اس طرح سے بعد میں یہ ڈیٹا کسی بھی Data Recover پروگرام سے ریکور بھی نہیں کیا جا سکتا ہے۔ یہ پروگرام تین مختلف طریقے پیش کرتا ہے جن میں آپ ڈیٹا کے اوپر فرضی ڈیٹا اوور رائٹ کیا جاتا ہے تا کہ ریکوری کی کوشش میں آپ کا اصل ڈیٹا ہاتھ نہ لگے۔


**Required Terrioty Manager**

پاکستان کے ایک مشہور پاستہ (Pasta) برانڈ کو صوبہ خیبر پختونخواہ (KPK) کے لیئے Terrioty Manager کی فوری ضرورت ہے، گریجویٹ، تجربہ کار، سٹاف ہینڈلنگ اور ملحقہ ٹاؤنز Town سے واقفیت ضروری ہے، انتہائی شاندار سیلری پیکج کے ساتھ ساتھ، مستقبل کی ضمانت بھی

رابطہ کریں: 0300-8556936




# پرائز بانڈ میں انعام نکلنا یا پرائز بانڈ کس طرح سے کام کرتا ہے؟

پرائز بانڈ پر مسلسل انعامی رقم حاصل کرنے کا فارمولا راکٹ سائنس تو نہیں بلکہ پرائز بانڈ ایک پورا کھیل ہے، بہر حال اُس کے لیئے بھی ایک آسان سا فارمولا ہے کہ پاکستان میں پرائز بانڈ کے دو سائیکل ہوتے ہیں ایک چھوٹا سائیکل اور ایک بڑا سائیکل دونوں سائیکل تین تین ماہ کے ہوتے ہیں۔

مثال کے طور پر چھوٹے سائیکل میں 100,200 اور 750 کے پرائز بانڈز ہیں پہلے مہینے میں 100 اور دوسرے مہینے میں 200 اور تیسرے مہینے میں 750 والا بانڈز کی قرعہ اندازی ہوتی ہے اور چوتھے مہینے میں پھر 100 والے بانڈز کی قرعہ اندازی کا نمبر آجاتا ہے اور یہ سائیکل اسی ترتیب سے چلتا رہتا ہے۔

دوسرے سائیکل کا آغاز 1500 روپے والے بانڈز سے ہوتا ہے اور یہ بھی تین ماہ کا سائیکل ہے جس ماہ میں 100 روپے والا بانڈ نکلے گا اسی ماہ میں 1500 روپے والے بانڈ کی بھی قرعہ اندازی ہوگی۔ بڑا سائیکل مہینے کے آغاز میں اور چھوٹا سائیکل مہینے کے وسط میں چلتا ہے۔

## اب سوال یہ ہے کہ پرئز بانڈ کیسے نکلتا ہے؟

پرائز بانڈ کی قرعہ اندازی ہوتی ہے لیکن یہ قرعہ اندازی ایک ترتیب سے چلتی ہے مثال کے طور پر آپ 100 روپے کا ایک بانڈ خرید کر رکھ لیں، اب اگر آپ کی قسمت اچھی ہوئی تو شاید زندگی میں کبھی اس پر انعام نکل آئے۔

## انعام کیسے حاصل کیا جاتا ہے؟

مثال کے طور پر میں اس کھیل کا حصہ ہوں تو میں قرعہ اندازی سے 4 دن قبل 100 روپے کے بانڈز کی پوری سیریل خرید لوں گا یعنی 1 سے لے کر 100 تک ایک ترتیب سے نمبروں والی سیریل اٹھا لیتا ہوں تو اس میں چانس بہت بڑھ جاتا ہے کہ میرا انعام نکل آئے گا اگر میں 1 سے 1000 تک کی مسلسل ایک سیریل خرید لیتا ہوں تو اس میں انعام کے 100 فیصدی چانس ہیں لیکن ایک سے زیادہ انعامات بھی نکل آئیں گے۔

ماہنامہ ہری پور ٹائم
ماہنامہ ہری پور ٹائم

## لیڈی آفس اسسٹنٹ

ایک پرائیویٹ فرم کو لیڈی آفس اسسٹنٹ کی فوری ضرورت ہے،فریش امیدوران بھی اپلائی کرسکتے ہیں

رابطہ: آفس نمبر 14 سیکنڈ فلور، سلیکٹ سنٹر F-11 مرکز اسلام آباد

فون نمبر: 0333-3330370 & 051-21074108

## ضرورت ہوٹل سٹاف


ہمارے ایک ہوٹل کے لیئے ریسپشنٹ سٹاف اور سیکورٹی گارڈز کی فوری ضرورت ہے اچھی تنخواہ اور دیگر مراعات دی جائیں گی

برائے رابطہ: 0300-9866055 & 0345-5040272

## ضرورت سیلز سٹاف فی میل

لیڈیز ڈریس برانڈ سعدیہ صادق کو اپنے اسلام آباد بوتیک کے لیئے باصلاحیت فی میل سٹاف درکار ہے سنجیدہ اُمیدوار رابطہ کریں پرکشش تنخواہ دی جائے گی

برائے رابطہ: 507 9422 -0300








پروپرائیٹر: چن زیب اعوان عرف چنی

telenor

شاہ زیب جنرل سٹور

اعوان کالونی ہری پور ہزارہ

warid

اعتماد اور معیار کا دوسرا نام چنی




# وقت کی اہم ضرورت اوو ہیڈ برتج

جی ٹی روڈ ہری پور چھوٹی بڑی گاڑیوں کی مصروف ترین گزرگاہ بن چکا ہے، جن کی وجہ سے آئے روز حادثات میں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع ہوتا ہے. ضرورت اس امر کی ہے کہ جی ٹی روڈ پر اوو ہیڈ برج بنائے جائیں تا کہ قیمتی جانوں کا نقصان ہونے سے بچا جا سکے.

www.awancolony.blogspot.ae

## اہلیان ہری پور کا اپنے قائدین سے اہم مطالبہ!

الیکشن سے پہلے عوام کا دیرینہ مطالبہ پورا کر کے عوام کے دل جیتے جا سکتے ہیں




## ہری پور تحصیل روڈ سے دن دیہاڑے ڈاکٹر کو اغوا کرنے کی کوشش مزاحمت پر فائرنگ اغوا کار فرار

ہریپور۔تھانہ سٹی کی حدود تحصیل روڈ پر ڈاکٹر کو دن دیہاڑے گن پوائنٹ پر اغوا کرنے کی کوشش ملزمان کی ناکامی پر فائرنگ کرتے ہوئے موٹر سائیکل پر فرار ہو گئے پولیس نے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز نجی ہاسپٹل جو کہ شکر شاہ روڈ پر واقع ہے کے مالک ڈاکٹر آفتاب ولد محمد مشتاق سکنہ محلہ رمضانی نے بتایا کہ وہ اپنی فیملی کے ہمراہ یوٹیلٹی سٹور تحصیل روڈ محلہ فیروز پورہ سے سامان لے کر نکل رہا تھا کہ موٹر سائیکل پر سوار دو نقاب پوش ملزمان اسلحہ سے لیس ہو کر آئے اور مجھے زبردستی گاڑی میں بیٹھنے کو کہا میری مزاحمت پر ملزمان نے مجھ پر فائرنگ شروع کر دی فائرنگ کی وجہ سے میں معجزانہ طور پر بچ گیا اور لوگوں کی آمد پر ملزمان جو کہ نقاب پوش تھے اور جن کی تعداد 2 تھی وہ موٹر سائیکل کے ذریعے فرار ہو گئے پولیس نے ملزمان کے خلاف زیر دفعہ 506 کے تحت مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے

ہری پور سے شائع ہونے والا پہلا آن لائن شمارہ مزید رسائل پڑھنے یا ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیئے وزٹ کریں www.awancolony.blogspot.ae

# ہری پور خانپور روڈ پر موجود ہوٹلوں میں صفائی کا ناقص انتظام، انتظامیہ دفاتر تک محدود

خانپور (ڈپٹی بیورو) خانپور روڈ پر موجود ہوٹلوں میں صفائی کا کوئی انتظام نہیں، گندھے پانی میں برتن دھو کر لوگوں میں بیماریاں پھیلانے والوں کے خلاف کوئی کاروائی نہ ہوسکی۔ خانپور روڈ پر موجود ہوٹلوں میں صفائی کا کوئی انتظام نہیں، گندھے پانی میں برتن دھو کر لوگوں میں بیماریاں پھیلانے والوں کے خلاف کوئی کاروائی نہ ہوسکی، ہری پور خانپور روڈ، سٹاف کالج، اور خانپور روڈ پر مختلف مقامات پر موجود ہوٹلوں میں ناقص کھانوں اور غیر میاری دودھ سے بننے والی چائے مہنگے داموں فروخت ہونے لگی، جب کہ صفائی کا بھی کوئی پراپر انتظام نہیں، انتظامیہ کی معنی خیز خاموشی کے باعث ہوٹل مالکان عوام کی جان و مال سے بے فکر ہو کر کھیلنے میں مصروف ہیں۔ اہلیان علاقہ نے اے سی ہری پور سے مطالبہ کیا ہے کہ ہوٹلوں پر چھاپے مار کر جرمانے کریں اور جو ہوٹل غیر میاری اشیاء فروخت کر رہے ہیں ان کو جلد سے جلد سیل کریں۔

## ہری پور میں ہوٹلوں پر کم وزن روٹی اور ناقص کھانے فراہم کیئے جانے لگے، انتظامیہ خاموش

ہری پور (عباس خان) ہری پور ہوٹلوں پر کم وزن روٹی اور ناقص کھانے فراہم کیئے جانے لگے۔ انتظامیہ کی معنی خیز خاموشی کے باعث ہوٹل مالکان عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے لگے۔ تفصیلات کے مطابق ہری پور کے مختلف علاقوں میں قائم ہوٹلوں پر عرصہ دراز سے کم وزن روٹی اور ناقص کھانوں کی فروخت جاری ہے۔ قانون کے مطابق روٹی کا وزن 170 گرام ہونا چاہیئے مگر 120 تا 125 گرام وزن کی روٹی 10 روپے میں فروخت کی جا رہی ہے۔ چائے 20 تا 25 روپے کپ فروخت ہو رہا ہے۔ اسی طرح تمام ہوٹلوں پر غیر معیاری کھانے فروخت کیئے جا رہے ہیں۔ صفائی کا معیار بھی ناقص ہے۔ انتظامیہ کی معنی خیز خاموشی کے باعث ہوٹل مالکان عوام کی جان و مال سے کھیلنے میں مصروف ہیں۔ اہلیان ہری پور نے اے سی ہری پور سے مطالبہ کیا ہے کہ ہوٹلوں پر چاپے مار کر قانون شکن ہوٹل مالکان کو بھاری جرمانوں کے ساتھ ساتھ پابند سلاسل کیا جائے

## ہری پور کے مختلف علاقوں میں گیس کے بندش عوام کے لیے عذاب بن گئی

ہری پور (بیورو رپورٹ) ہری پور کے مختلف علاقوں میں گیس کے بندش عوام کے لیے غذاب بن گئی ہری پور کے مختلف علاقوں میں گیس کے بندش عوام کے لیے غذاب بن گئی، ہری پور شدید سردی اور سوئی گیس کی بندش عوام شدید ذہنی ازیت میں مبتلا ہو گے، ہری پور کے شہریوں نے ضلع ہری پور کی انتظامیا اور سوئی گیس کے اعلی افسران سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس سے قبل کبھی سوئی گیس کی اتنی لوڈشیڈنگ نہیں ہوئی، اس بار شدید سردی میں گیس کی ظالمانہ لوڈشیڈنگ سلسلہ شروع کر دیا گیا ہے ضلع ہری پور کی انتظامیا اور سوئی گیس کے اعلی افسران نوٹس لے اور سوئی گیس کی لوڈشیڈنگ کے خاتمہ کے لیے اقدامات اٹھائے تا کہ عوام سکون کی سانس لے سکیں۔


## ہری پور سے ایبٹ آباد کیری ڈبہ کے کرایوں میں خودساختہ اضافہ

ہری پور (گوہر علی) ہری پور تا ایبٹ آباد کیری ڈبوں نے خودساختہ کرایوں میں اضافہ کر دیا، گیس کی بندش کا بہانہ بنا کر کیری ڈبے والے ہری پور سے ایبٹ آباد کا ڈبل کرایا وصول کرنے لگے، سواریوں اور کیری ڈبہ والوں میں جھگڑے ہونا معمول بن گے، تفصیلات کے مطابق ہری پور تا ایبٹ آباد آنے جانے والے مسافروں نے بھرپور مطالبہ کیا ہے کہ ہری پور سے ایبٹ آباد آنے جانے والے کیری ڈبوں کے کرائے چیک کیے جائیں۔

ہری پور سے شائع ہونے والا پہلا آن لائن شمارہ مزید رسائل پڑھنے یا ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیئے وزٹ کریں www.awancolony.blogspot.ae

# واٹس اپ کی جانب سے مفت انٹرنیٹ کی پیشکش، اس دھوکہ میں مت آئیں


واٹس اپ بلاشبہ اس وقت دنیا کی مقبول ترین اپلی کیشن ہے اس کی مقبولیت کو دیکھتے ہوئے اکثر فراڈیئے نت نئے طریقوں سے اس کے ذریعے لوگوں کو بیوقوف بنانے کی کوشش کرتے ہیں کبھی واٹس اپ کے نئے فیچرز کا جھانسہ دے کر تو کبھی واٹس اپ کے خاص گولڈن ورژن کا لالچ دے کر متعلقہ صارفین کے فون میں وائرس منتقل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔
اس سلسلے میں تازہ ترین یہ حربہ سامنے آیا ہے کہ واٹس اپ صارفین کو ایسا پیغام بھیجا جا رہا ہے کہ واٹس اپ اب مفت انٹرنیٹ فراہم بھی کرے گا لیکن یہ سلسلہ فی الحال صرف جن کو دعوت دی جا رہی ہے وہی استعمال کر سکتے ہیں اگر آپ بھی اس سروس سے مستفید ہونا چاہتے ہیں تو اپنے 13 دوستوں کو یہ پیغام فارورڈ کریں۔




انٹرنیٹ وہ بھی بغیر وائی فائی اور موبائل ڈیٹا کے لالچ میں، یعنی کہ ایسا لالچ کے سب کے منہ میں پانی آجائے. بھلا اس آفر سے کون کافر انکار کرے گا، بس یہی حربہ کام کر جاتا ہے اور واٹس اپ صارفین دھڑا دھڑ اس میسج کو آگے فارورڈ کیئے جا رہے ہیں. جس میں دراصل ایک وائرس زدہ ویب سائٹ کا لنک موجود ہے جو بھی اس وائب سائٹ پر جائے گا اس کے فون میں وائرس منتقل کرنے کی کوشش کی جائے گی. مزیدار بات یہ ہے کہ اپنے جھوٹ کو ثابت کرنے کے لیئے اس پیغام کے ساتھ لوگوں کے تبصرے بھی دکھائے جاتے ہیں جو کہہ رہے ہوتے ہیں کہ "واہ زبردست، واقعی یہ طریقہ کام کر رہا ہے" حالانکہ یہ سب جھوٹ پر مبنی ہیں. اس لیئے تمام قارئین سے گزارش ہے کہ اس طرح کے دھوکے میں مت آئیں، واٹس اپ میں جب کوئی سہولت سامنے آئے گی تو آپ کو مستند ذرائع سے پتہ چل جائے گا اور واٹس اپ کی جانب سے آپ کو خود ہی اطلاع بھی کر دی جائے گی.

بشکریہ ماہنامہ کمپیوٹنگ یہ مضمون ماہنامہ کمپیوٹنگ سے نقل کیا گیا ہے، اور اس کو عوامی فلاح و بہبود کے تحت اس بلاگ پر پبلش کیا گیا ہے.

ہری پور سے شائع ہونے والا پہلا آن لائن شمارہ مزید رسائل پڑھنے یا ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیئے وزٹ کریں www.awancolony.blogspot.ae




حلقہ PK47 ضلع ایبٹ آباد، تحصیل حویلیاں، موضع سلطان پور

ہری پور سے شائع ہونے والا پہلا آن لائن شمارہ مزید رسائل پڑھنے یا ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیئے وزٹ کریں www.awancolony.blogspot.ae

# اے نئے سال تجھ میں نیا کیا ہے؟

تحریر۔ ربیعہ ارشاد
rabiyairshad06@gmail.com

جنوری عیسوی سال کا پہلا مہینہ ہے اور ہر سال دنیائے عالم نئے سال کا آغاز ایک ہنگامے سے کرتی ہے جسے پہلی نیو ائیر کا نام دیا جاتا ہے اور پھر پورا سال ہنگاموں اور طوفانوں کی نظر ہو جاتا ہے۔ نہ ابتدا رب کریم کے نام سے نہ انتہا اس کی نعمتوں عطاؤں اور بخششوں کے شکر سے۔ سالِ نو 2017 کا آغاز بھی کچھ اسی طرح ہوا دنیا بھر میں اور پاکستان کے تمام بڑے شہروں کی سڑکوں پر مسلم اور نا مسلم کی تفریق کیے بغیر رقص چلتا رہا، ایشیا سے یورپ تک ظلم و نا انصافی کو بھول کر غم غلط کیے جاتے رہے۔ کہتے ہیں اس ہنگامے کی ابتدا 1940 میں نیو یارک سے ہوئی اور اب یہ سلسلہ بڑھتے ہوئے دنیا بھر کی تمام اقوام مذاہب اور تہذیبوں میں پھیل گیا۔ باقی مذاہب میں تو شائد اس قسم کی تقریبات میں ہونے والے ہنگاموں کی کوئی گنجائش ہو مگر ہزار تف ہے ہم مسلمانوں پر جو بنا سوچے سمجھے محض عیسائیوں کی اندھی تقلید میں کھوکھلے قہقہوں کے عوض اپنے ایمان کا سودا کرتے ہیں۔ رقص و سرور کی محفلوں کا انعقاد اور پھر ان میں حیا کے تصور سے نابلد یہ روشن خیال مسلمان آخر کس گمان میں اتنی ہنگامہ آرائی کرتے ... تمام، ہنگامے، شور و غل اور شراب و شباب کی محافل کا انعقاد۔۔۔ اک پل کو تو یوں لگا جیسے پوری دنیا کے تمام ... شتہ سالوں کے حالات و واقعات ذہن کے دریچوں پہ انگڑائیاں لے رہے ہیں اور بے ربط الفاظ خار دار جنگل ... ی آرزو میں مچل رہے ہیں اکثر یوں ہوتا ہے کے سوچوں کو زباں نہیں ملتی میری طرح کئی لوگوں کے ذہن میں ... ی طرح آج بھی ملک بھر میں مذہبی اور قومی عصبیتوں کی بنا پر خون کی ندیاں بہہ رہی ہیں، آج بھی جنتِ نظیر وادی کے بچے بوڑھے اور جوان اپنے پیاروں کی لاشیں اٹھائے احتجاج کر رہے ہیں گزشتہ کئی برسوں کی طرح بھارت آج بھی کنٹرول لائن پر فائرنگ کر کے اپنی ننگی جارحیت کا مظاہرہ کر رہا ہے جس کے جواب میں ہمیشہ کی طرح اقوامِ متحدہ سمیت پوری دنیا گونگی بنی ہے آج بھی بھتہ خور اپنے وطن کی قیمت پر ذاتی مفادات حاصل کرنے کیلیے تیار بیٹھے ہیں دنیا جہاں میں مساجد اور مدارس کی تباہی آج بھی زوروں پر ہے بدنام زمانہ ہندو بنئیے کی پاکستان پر الزام تراشی پہلے سے بڑھ کر سامنے آئی ہے، ہوس پرست مادرِ وطن کے غدار اور اہلِ کفر کے آلہ کار آج بھی ملک پر قابض ہیں اور پوری آب و تاب سے ملک و قوم کو لوٹنے میں مگن ہیں بچے بچے کے دل میں نفرتوں کا زہر بھرا ہے بے ایمانی اور ظلم کا کاروبار مزید ترقی یافتہ ہوا ہے غفلتوں کی چادر مزید موٹی ہوئی ہے، بے حسی اور طمع کا غلبہ اور مضبوط ہوا ہے، بے دینی اور بے حمیتی حاوی ہو رہی ہے، بے روزگاری اور معاشی ابتری میں اضافہ ہی ہوا ہے آج بھی مائیں بھوک اور افلاس کے ہاتھوں مجبور ہو کر بچے فروخت کرتی ہیں غریب خودکشیاں کر رہے ہیں لوگ اغوا ہو رہے ہیں اور عوام حکمرانوں کے ہاتھوں بے وقوف بن رہے ہیں پھر سوچنے کی بات ہے کے کیا ایسا نیا ہوا ہے جس کی خوشی نے عقل پہ پردے ڈال دیے؟

مانا کے ہمارے تمام معاملات عیسوی کلینڈر کے تحت چلتے ہیں ہمارے روزمرہ کے معاملات دفتری معاملات، تعلیمی اداروں کا نظام اور تمام سرکاری و غیر سرکاری تقریبات عیسوی کلینڈر کے ماتحت ہیں لہذا نئے سال کے آغاز پر مبارکباد دینا نیک خواہشات اور دعاؤں کا اظہار ایک عام سی بات ہے مگر نیو ائیر نائٹ اور پہلی نیو ائیر کے نام پر جو خرافات ہمارے کلچر میں زور پکڑ چکی ہیں وہ کسی بھی طرح امتِ مسلمہ کا طرزِ زندگی نہیں ہو سکتی۔ ہم میں سے ہر شخص غیر مسلموں کے رنگ میں رنگا ہوا مگر مسلمان ہونے کا دعوے دار ہے۔ کفر کی اندھی تقلید میں ہمیں یاد ہی نہیں رہتا کے اسلام نے تہذیب معاشرت کے جو طور طریقے سکھائے ہیں وہ ہمہ گیر ہیں ہر موسم حالات اور موقع کیلیے اسلام میں رہنمائی موجود ہے مگر ہم پھر بھی چند لمحوں کی لذت کے لیے نیو ائیر کے نام پر لڈیاں اور بھنگڑے ڈال کر کفار کی دی ہوئی سوغات نشے کی لعنت پی کر اپنی باوقار اور پاکیزہ تہذیب کا جنازہ نکال دینے میں کوئی عار محسوس نہیں کرتے بلکہ اپنے ان کارناموں کو درست ثابت کرنے کے لیے تاویلیں گھڑتے ہیں۔ کہیں ایسا نہ ہو کے ایسی تقریبات کا انعقاد کر کے اپنے پیارے دین کی تضحیک کر کے جس حس کو تسکین پہنچانے کی کوشش کی جاتی ہے کل وہی ہمارے گلے کا طوق بن جائے پھر چاہے ہم اس سے چھٹکارے کی لاکھ کوششیں کر لیں دامن نہیں چھڑا سکیں گے۔ غفلت اور گمراہی کے گھٹا ٹوپ اندھیروں میں ڈوب جانے والی قومیں ماضی کا قصہ بن جاتی ہیں سو بہتر یہی ہے کے جو وقت مستعار ملا ہے اسے موقعِ غنیمت جانیں، ہوش کے ناخن لیں اور 365 صفحات کی اس نئی بلینک کتاب کو ایسے اعمال سے بھر دیں جو کل ہمارے لیے ذریعۂ نجات بن جائیں۔ نیو ائیر پہ موصول ہونے والی ایک خوبصورت دعا آپ کے ساتھ بھی شیئر کرتی چلوں اے اللہ اس نئے سال کو ہمارے لیے امن، سلامتی، ایمان اور اپنی رضامندی والا سال بنا دے۔ آمین

ہری پور سے شائع ہونے والا پہلا آن لائن شمارہ مزید رسائل پڑھنے یا ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیئے وزٹ کریں www.awancolony.blogspot.ae

# ہری پور مین بازار اور سڑکوں پر پارکنگ، راہ گیروں کا پیدل چلنا مشکل، آئے روز ٹریفک جام معمول بن گیا

ہری پور (بیورو رپورٹ) ہری پور کے بازاروں میں سڑکوں پر تجاوزات مافیا کا راج ہری پور کے بازاروں میں سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر دوکانداروں ویگنوں، ٹیکسی گاڑوں اور موٹر سائیکل مکینکوں نے مکمل قبضہ کر رکھا ہے عوام نے مطالبہ کرتے ہوئے کیا ہے کہ تجاوزات ختم کروائی جائے اور ہری پور میں پارکنگ کے لیے کوئی جگہ بنائی جائے

## سوال نمبر 18

### یہ کن کو کہا جاتا ہے؟

- ☆ بلوچستان کا دروازہ
- ☆ بین الاقوامی دریا
- ☆ پانیوں کا باپ


## ضرورت مارکیٹرز

ہماری کمپنی جو کہ کنسٹرکشن کا کام کرتی ہے اور کیمیکلز میں ڈیل کرتی ہے کو بحریہ ٹاؤن فیز 8 اور G14 اسلام آباد کے دفاتر کے لیئے مارکیٹرز کی فوری ضرورت ہے اچھی تنخواہ کے ساتھ کمیشن بھی دیا جائے گا

رابطہ: 0333-5450120


## سوال نمبر 19

فرانس کی دلہن کس شہر کا کہا جاتا ہے اور یورپ کی ساس کس ملک کو کہا جاتا ہے

## سوال نمبر 20

### حضرت ابراہیمؑ کی کنیت کیا تھی؟

## بہن کی فضیلت

حضرت علیؓ فرماتے ہیں ''تم جب اپنی بہن کے گھر جاؤ تو اپنی بساط کے مطابق کچھ لے کر جاؤ، کیونکہ تمہاری بہن کا تم پر حق اسے والدین کی ولائیت وراثت سے ملا ہے اور انتہائی بدنصیب ہے وہ شخص جس کی بہن اس سے ناراض ہو اور اس کی یا بہن کی موت ہو جائے. پس خدا کا شکر ادا کرو کہ اللہ پاک نے تمہیں یہ پاکیزہ رشتہ عطاء کیا اور تمہیں تمہارے دکھوں کا سہارا دیا. خدا کی قسم یہ وہ رشتہ ہے جو اگر نہ ہوتا تو حضرت حسینؓ اپنا عزم پورا نہ کر پاتے.

# صوبہ ہزارہ کے شہدا اور سیاسی قزاق

ماں دھرتی کے لیئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدائے ہزارہ کی پانچویں برسی ایک بار پھر سیاسی قزاقوں اور مفاد پرست عناصر کے مکروہ عزائم کی بھینٹ چڑھ گئی،12اپریل کو نہ تو کہیں شٹر ڈاون ہوا نہ کہیں ٹریفک جام ہوئی حالانکہ اس دن اتوار تھا اور اتوار کی چھٹی ہونے کے باوجود نہ کوئی قابل ذکر عوامی اجتماع ہوا نہ جلسہ وجلوس، اس تشویشناک وشرمناک طرز عمل کی وجہ سے حب الوطنی کا جذبہ رکھنے والے لوگوں میں پائی جانے والی شدید مایوسی میں مزید اضافہ ہوا ہے،اور اپنے ملک قوم اور دھرتی کے لیئے جان قربان کرنے والوں کی بے قدری کے ذمہ دار یہ مفاد پرست عناصر ہیں جنھوں نے 12اپریل کو ماں دھرتی پر جان قربان کرنے والے شہدائے ہزارہ کے خون سے غداری کرتے ہوئے شہدائے ہزارہ کے مقدس خون کا سودا کر کے اور شہدائے ہزارہ کی لاشوں پر کھڑے ہو کر اپنے سیاسی قد وکھاٹ میں اضافہ کر کے کسی نے حویلیاں اور کسی نے ایبٹ آباد میں پلاٹوں کے عوض اپنے ضمیر کا سودا کر لیا کوئی ن لیگ اور کوئی PTI سے MNA اور MPA شپ اور وزارت کے عوض بک گیا، کسی نے نوکریوں اور ٹھیکوں کے عوض اپنا منہ کالا کیا یہی وجہ ہے کہ صوبہ ہزارہ کی مہم میں موٹر سائیکل پر بیٹھ کر ڈرامہ بازی کرنے والے کم وبیش تمام سیاسی قزاق آج اہم حکومتی عہدوں پر براجمان ہیں لیکن صوبہ ہزارہ کا نام اور تحریک کا دور دور تک کوئی نام ونشان نہیں ہے ان حالات میں صرف ایک بوڑھا بابا حیدر زمان جو کہ اپنے ستحکام اور پختہ عزم کے ساتھ کھڑا ہے حالانکہ کہ اگر یہ با اثر اور مفاد پرست قزاق چاہیں تو محض چند گھنٹوں میں صوبہ ہزارہ کو عملی شکل مل سکتی ہے،بلدیاتی انتخابات میں ہزارے وال قوم کے پاس ایک اور سنہری موقع ہے کہ وہ ان مفاد پرست عناصر کے حمائیت یافتہ عناصر کو یکسر مسترد کر کے شہدائے ہزارہ کے خون سے سودا کرنے والوں اور سوداگروں سے بھرپور بدلہ لیا جا سکتا ہے۔ (کمپوز: ملک محمد عائش، اعوان کالونی ہری پور ہزارہ)

www.awancolony.blogspot.ae ہری پور سے شائع ہونے والا پہلا آن لائن شمارہ مزید رسائل پڑھنے یا ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیئے وزٹ کریں




ہم میکدے کے سامنے گھبرا کے گر پڑے
ماری جب اُس نے آنکھ تو چکرا کر گر پڑے
ہم یہ سمجھ رہے تھے کہ ہے مفت کی شراب
پیسوں کا بل جو آیا تو غش کھا کر گر پڑے

مجھ سے روٹھنا مت، مجھے منانا نہیں آتا
مجھ سے دور مت جانا، مجھے واپس بلانا بھی نہیں آتا
تم مجھے بھول جاؤ، یہ تمہاری مرضی ہے
پر میں کیا کروں مجھے بھلانا بھی نہیں آتا

ہم نے وقت سے بہت وفا کی لیکن
وقت ہم سے بے وفائی کر گیا
کچھ ہمارے نصیب برے تھے
کچھ لوگوں کا ہم سے جی بھر گیا

ایسی چیز جس کے کھانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ یقین نہیں آتا تو کھا کے دیکھ لیں

علی گڑھ کے معروف شاعر شمیم بتسوی رمضان کے مہینہ میں بازار سے لوٹ رہے تھے ہاتھ میں تھیلی تھی، تھیلی میں کوئی سامان تھا، راستے میں شاعر صاحب کو ایک پہچان والے صاحب مل گئے، پوچھا!

مولانا کیا لے کر جا رہے ہیں؟

اُنہوں نے کہا:

ایسی چیز جس کے کھانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔

ان صاحب نے کہا:

ایسی چیزوں کا علم مولانا لوگ چُھپا کر رکھتے ہیں اور ہمیں بتایا جاتا ہے کہ کچھ بھی کھاؤ گے تو روزہ ٹوٹ جائے گا.

مولانا نے تھیلی کھول کر دکھائی اس میں **جوتے** رکھے ہوئے تھے

## مانسہرہ خواجہ سراء حرکت میں آ گئے اڈے قائم کر لیئے گئے

مانسہرہ (۱۹ جولائی) مانسہرہ میں خواجہ سراؤں نے بے حیائی کے اڈے قائم کر دیئے ضلعی انتظامیہ اور علماء کرام کی خاموشی معنی خیز ہے مانسہرہ کے شہریوں کا کہنا تھا کہ مانسہرہ میں مختلف علاقوں سے آنے والے خوجہ سراؤں نے لڑکیوں کا روپ دھار کر اور نیم عریاں ہو کر بے حیائی کو فروغ دینے میں مصروف عمل ہیں انہوں نے شہر کے تمام بازاروں میں اپنے ڈیرے ڈال لیئے ہیں علماء کرام اور ضلعی انتظامیہ سے قطع نظر نوجوانوں کو سرعام بے حیائی کی دعوت دی جاتی ہے جس سے نوجوان نسل کا مستقبل تباہ ہونے کا خطرہ ہے اور نوجوان نسل منشیات کی عادی ہوتی جا رہی ہے ضلعی انتظامیہ نوٹس لے کر ان جیسے عناصر کے خلاف کاروائی کرے یا اُن کو ضلع بدر کرے، ان کی وجہ سے شہر میں لوگوں کے درمیان آئے روز لڑائی جھگڑے ہو رہے ہیں اس کی مثال کچھ عرصہ پہلے گولی لگنے سے ایک خواجہ سراء زخمی بھی ہوا تھا، شہری و سماجی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر کو فی الفور ضلع بدر کیا جائے۔


ماہنامہ ہری پور ٹائم

# ہری پور شہر میں ٹریفک جام اور ٹریفک پولیس کی خاموشی

ضلع ہری پور کی بڑھتی آبادی کے ساتھ ٹریفک کے بھی بے شمار مسائل نے جنم لے لیا ہے، یہ ایک احساس معاملہ کی شکل اختیار کرتا جا رہا ہے، جہاں پر بڑھتی ٹریفک کے ساتھ ساتھ روڈوں پر ایکسڈنٹ ہونے کی شرح میں بھی اضافہ ہو رہا ہے، اس مسئلہ کی ایک بڑی وجہ بھی ہے جو روڈ پر دھواں چھوڑنے والی گاڑیاں ہیں ان کی وجہ سے ٹریفک اہلکار کھلی فضا میں سانس لینے کے لیئے ڈیوٹی سے غائب ہو جاتے ہیں، ضلع ہری پور کے مختلف روڈوں پر ٹریفک جام کا منظر معمول بن چکا ہے اور ضلعی ٹریفک پولیس اس کو کنٹرول کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے، نہ ہی ضلعی پولیس کے پاس کوئی متبادل پلان موجود ہے کہ اگر فلاں روڈ پر ٹریفک جام ہو گئی ہو تو وہاں سے ٹریفک کو رواں کرنے کا کوئی متبادل انتظام ہونا چاہیے مگر آئے روز ہری پور کے روڈوں پر ٹریفک جام معمول کا حصہ بن چکا ہے. خاص کر تحصیل روڈ، شکر شاہ روڈ، سرکلر روڈ اور جی ٹی روڈ جو کہ آفاق ہوٹل سے شروع ہو کر سبزی منڈی موڑ تک ٹریفک کا بے پناہ ہجوم ہوتا ہے سکولوں میں چھٹی کے ٹائم تو ہری پور شہر سے باہر جانے کے لیئے آپ کو کافی ٹائم درکار ہوتا ہے جس کی وجہ سے ایمبولینس میں موجود مریضوں کو اک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے. اور آئے روز کئی مریض صرف اور صرف ٹریفک جام کی وجہ سے بروقت طبی امداد نہ ملنے سے اپنی زندگی ہار جاتے ہیں. ایمبولینس میں موجود مریض اس وقت صرف اور صرف اپنے خدا سے رحم کی دعا کر رہا ہوتا ہے، جی ٹی روڈ پر ٹریفک پولیس کی سستی کی وجہ سے کئی جگہ پر گاڑیاں پارک کر دی جاتی ہیں جس کی وجہ سے بھی ٹریفک کی روانی میں مشکلات ہوتی ہے، اس کے ساتھ ساتھ ٹریفک پولیس اور میڈیا کو چاہیئے کہ وہ آگاہی مہم چلائیں جس میں ڈرائیورز اور باقی عوام کو روڈ پر حفاظتی اقدامات اور خصوصاً ڈرائیور حضرات کو روڈ بلاک ہونے کی صورت میں متبادل راستہ بھی بتایا جائے لیکن جب ہماری ٹریفک پولیس کے پاس ہی اس طرح کا کوئی آئیڈیا نہیں ہے تو۔۔۔ ٹریفک پولیس کے پاس یہ پلان ہونا چاہیئے کہ اگر فلاں روڈ پر کسی حادثے یا کسی اور وجہ سے روڈ بلاک ہو گئی تو دوسرا کون سا متبادل راستہ اختیار کیا جانا چاہیئے. ضرورت اس امر کی ہے کہ اس سلسلے میں ضلعی انتظامیہ اور ٹرانسپورٹ مالکان کو بھی چاہیئے کہ وہ ضلعی ٹریفک پولیس سے تعاون کریں. (ملک محمد عاشق، اعوان کالونی ہری پور ہزارہ)

ہری پور سے شائع ہونے والا پہلا آن لائن شمارہ مزید رسائل پڑھنے یا ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیئے وزٹ کریں www.awancolony.blogspot.ae


[redacted]
29 June at 06:19 · Abu Dhabi ·

Now it's official! It has been published in the media. Facebook has just released the entry price: £5.99 ($9.10) to keep the subscription of your status to be set to "private." If you paste this message on your page, it will be offered free (I said paste not share) if not tomorrow, all your posts can become public. Even the messages that have been deleted or the photos not allowed. After all, it does not cost anything for a simple copy and paste

Like Comment Share

Muhammad Bilal

Write a comment...

کسی زمانے میں پمفلٹس کے ذریعے افواہیں پھیلتی تھیں "مدینے کے بزرگ کا خواب" آپ میں سے کئی افراد کے ذہنوں میں ابھی بھی تازہ ہوگا پھر جیسے جیسے زمانہ تبدیل ہوتا گیا ان کے انداز میں بھی تبدیلی آتی گئی یہاں تک کے اب فیس بک افواہوں کا گڑھ بن چکا ہے. اگر آپ پچھلے کچھ دنوں سے مقبول ترین سوشل میڈیا نیٹ ورک فیس بک استعمال کر رہے ہیں تو یہ بیان آپ کی نظروں سے گزرا ہوگا جس میں لوگ انگریزی زبان میں ایک ہی پیغام کاپی پیسٹ کر کے اپنے پاس سے پیش کیئے جا رہے تھے کہ فیس بک کل سے تمام پوسٹس کو "پبلک" کر دے گا یہاں تک کے آپ کے تمام پیغامات بھی بلکہ وہ پیغامات بھی جن کو آپ ڈیلیٹ کر چکے ہیں اور وہ تصاویر بھی جو آپ نے "پبلک" نہیں رکھیں.

یہ سنتے ہی کئی لوگوں کا تو پنجابی اصطلاح میں **"تراہ نکل گیا"**، اس مسئلے کا حل بھی اسی پیغام میں درج تھا کہ یہ پیغام کاپی کر کے اپنی ٹائم لائن سے شیئر کریں تو فیس بک اُس صارف کے ساتھ ایسا نہیں کرے گا یعنی کہ وہ پرانا طریقہ کہ 10 فوٹو کاپیاں کروا کے تقسیم کریں تو آپ کو ایک کوئی اچھی خبر ملے گی

اس افواہ نے ایسا زور پکڑا کہ اچھے خاصے عقلمند اور سلجھے ہوئے لوگ بھی اس پیغام کی گردان کرتے نظر آئے دلچسپ بات یہ ہے کہ ایسا کوئی پہلی بار نہیں ہوا ہے اس سے پہلے بھی 2 مرتبہ ایسا ہی پیغام گردش میں آیا تھا ایک تو پچھلے سال ہی تھا اور تین چار سال قبل گردش ہوا تھا، فیس بک نے گزشتہ سال ہی وضاحت کر دی تھی کہ لیگل نوٹس کا یہ شوشا محض ایک دھوکا ہے.

ہری پور سے شائع ہونے والا پہلا آن لائن شمارہ مزید رسائل پڑھنے یا ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیئے وزٹ کریں www.awancolony.blogspot.ae